Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

QUR'AN · SURAHS

Surah Saaffaat (37, 182 ayat)

سورۂ صافات

Rangers (Makki)

> The reward for reciting this Surah is 10 times the total number of Jinn and Shayateen that exist. The reciter of this Surah is protected from Shaitaan and is safe from falling into disbelief and Shirk. His angels who record his deeds will testify for him on the Day of Judgement that he was from among those who believed in the Prophets of Allah (s).It is narrated from Imam Jafar Sadiq (a) that reciting Surah Saffaat on every Friday keeps one safe from all types of calamities. His sustenance will increase and his life, wealth and children will be protected from the evil designs of Shaitaan and the tyrant rulers of the time. If one dies soon after reciting this Surah, he will die the death of a martyr; he will be raised on the Day of Judgement together with the martyrs and will enter Jannah with them.

> امام صادقؑ نے فرمایا: جو شخص ہر جمعہ سورۂ صافات کی تلاوت کرے ہر آفت دنیاوی سے محفوظ رہے گا اور خداوند عالم رزق واسع عطا کرے گا اس کے جسم، مال، اولاد تک شیطان رجیم کی رسائی نہیں ہوگی اور وہ داخل بہشت ہوگا۔ (مجمع البیان ج۸ ص۲۹۳)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

BISMI ALLAAHI AR-RAHMAANI AR-RAHEEM

In the Name of Allah, the most Gracious, the most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا

WAS-SAAFFAATI SAFFAA

I swear by those who draw themselves out in ranks

باقاعدہ طور پر صفیں باندھنے والوں کی قسم۔

Free to read, copy and share

فَالزّٰجِرٰتِ زَجۡرًا

FAZ-ZAAJIRAATI ZAJRAA

Then those who drive away with reproof

پھر مکمل طریقہ سے تنبیہ کرنے والوں کی قسم۔

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكۡرًا

FAT-TAALIYAATI ZIKRAA

Then those who recite, being mindful

پھر ذکر خدا کی تلاوت کرنے والوں کی قسم۔

اِنَّ اِلٰهَكُمۡ لَوَاحِدٌ

INNA ILAAHAKUM LAWAAHID

Most surely your God is One:

بے شک تمہارا خدا ایک ہے۔

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا وَرَبُّ الۡمَشَارِقِ

RABBU AS-SAMAAWAATI WAL-ARDI WAMAA BAYNAHUMAA WARABBU AL-MASHAARIQ

The Lord of the heavens and the earth and what is between them, and Lord of the easts.

وہ آسمان و زمین اور ان کے مابین کی تمام چیزوں کا پروردگار اور ہر مشرق کا مالک ہے۔

اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنۡيَا بِزِيۡنَةِ الۡكَوَاكِبِ

INNAA ZAYYANNAA AS-SAMAA'A AD-DUNYAA BIZEENATI AL-KAWAAKIB

Surely We have adorned the nearest heaven with an adornment, the stars

بے شک ہم نے آسمانِ دنیا کو ستاروں سے مزین بنا دیا ہے۔

Free to read, copy and share

وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ

WAHIFZAN MIN KULLI SHAYTAANIN MAARID

And (there is) a safeguard against every rebellious Shaitan.

اور انہیں ہر سرکش شیطان سے حفاظت کا ذریعہ بنا دیا ہے۔

لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ

LAA YASSAMMA'OONA ILAA AL-MALA'I AL-A'LAA WAYUQZAFOONA MIN KULLI JAANIB

They cannot listen to the exalted assembly and they are thrown at from every side

کہ اب شیاطین عالمِ بالا کی باتیں سننے کی کوشش نہیں کر سکتے اور وہ ہر طرف سے مارے جائیں گے۔

دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ

DUHOORAN WALAHUM 'AZAABUN WAASIB

Being driven off, and for them is a perpetual chastisement

ہنکانے کے لئے اور ان کے لئے ہمیشہ ہمیشہ کا عذاب ہے۔

اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ

ILLAA MAN KHATIFA AL-KHATFATA FA-ATBA'AHOO SHIHAABUN THAAQIB

Except him who snatches off but once, then there follows him a brightly shining flame.

علاوہ اس کے جو کوئی بات اچک لے تو اس کے پیچھے آگ کا شعلہ لگ جاتا ہے۔

فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَآ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ

FASTAFTIHIM AHUM ASHADDU KHALQAN AM MAN KHALAQNAA INNAA KHALAQNAAHUM MIN TEENIN LAAZIB

Then ask them whether they are stronger in creation or those (others) whom We have created. Surely We created them of firm clay.

اب ذرا ان سے دریافت کرو کہ یہ زیادہ دشوار گزار مخلوق ہیں یا جن کو ہم پیدا کر چکے ہیں ہم نے ان سب کو ایک لسدار مٹی سے پیدا کیا ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

بَلۡ عَجِبۡتَ وَيَسۡخَرُوۡنَ

BAL 'AJIBTA WAYASKHAROON

Nay! you wonder while they mock

بلکہ تم تعجب کرتے ہو اور یہ مذاق اڑاتے ہیں۔

وَاِذَا ذُكِّرُوۡا لَا يَذۡكُرُوۡنَ

WA-IZAA ZUKKIROO LAA YAZKUROON

And when they are reminded, they mind not

اور جب نصیحت کی جاتی ہے تو قبول نہیں کرتے ہیں۔

وَاِذَا رَاَوۡا اٰيَةً يَّسۡتَسۡخِرُوۡنَ

WA-IZAA RA'AW AAYATAN YASTASKHIROON

And when they see a sign they incite one another to scoff

اور جب کوئی نشانی دیکھ لیتے ہیں تو مسخراپن کرتے ہیں۔

وَقَالُوۡۤا اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ

WAQAALOO IN HAAZAA ILLAA SIHRUN MUBEEN

And they say: This is nothing but clear magic:

اور کہتے ہیں کہ یہ تو ایک کھلا ہوا جادو ہے۔

ءَاِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ

A'IZAA MITNAA WAKUNNAA TURAABAN WA'IZAAMAN A'INNAA LAMAB'OOTHOON

What! when we are dead and have become dust and bones, shall we then certainly be raised

کیا جب ہم مرجائیں گے اور مٹی اور ہڈی ہو جائیں گے تو کیا دوبارہ اٹھائے جائیں گے۔

Free to read, copy and share

اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ

AWA'AABAA'UNAA AL-AWWALOON

Or our fathers of yore?

اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی زندہ کئے جائیں گے۔

قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ

QUL NA'AM WA-ANTUM DAAKHIROON

Say: Aye! and you shall be abject.

کہہ دیجئے کہ بے شک اور تم ذلیل بھی ہو گے۔

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ

FA-INNAMAA HIYA ZAJRATUN WAAHIDATUN FA-IZAA HUM YANZUROON

So it shall only be a single cry, when lo! they shall see.

یہ قیامت تو صرف ایک للکار ہو گی جس کے بعد سب دیکھنے لگیں گے۔

وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ

WAQAALOO YAA WAYLANAA HAAZAA YAWMU AD-DEEN

And they shall say: O woe to us! this is the day of requital.

اور کہیں گے کہ ہائے افسوس یہ تو قیامت کا دن ہے۔

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ

HAAZAA YAWMU AL-FASLI ALLAZEE KUNTUM BIHEE TUKAZZIBOON

This is the day of the judgment which you called a lie.

بے شک یہی وہ فیصلہ کا دن ہے جسے تم لوگ جھٹلایا کرتے تھے۔

Free to read, copy and share

اُحۡشُرُوا الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا وَاَزۡوَاجَهُمۡ وَمَا كَانُوۡا يَعۡبُدُوۡنَ

UHSHUROO ALLAZEENA ZALAMOO WA-AZWAAJAHUM WAMAA KAANOO YA'BUDOON

Gather together those who were unjust and their associates, and what they used to worship

فرشتو ذرا ان ظلم کرنے والوں کو اور ان کے ساتھیوں کو اور خدا کے علاوہ جن کی یہ عبادت کیا کرتے تھے سب کو اکٹھا تو کرو۔

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ فَاهۡدُوۡهُمۡ اِلٰى صِرَاطِ الۡجَحِيۡمِ

MIN DOONI ALLAAHI FAHDOOHUM ILAA SIRAATI AL-JAHEEM

Besides Allah, then lead them to the way to hell.

اور ان کے تمام معبودوں کو اور ان کو جہنّم کا راستہ تو بتا دو۔

وَقِفُوۡهُمۡ اِنَّهُمۡ مَّسۡئُوۡلُوۡنَ

WAQIFOOHUM INNAHUM MAS'OOLOON

And stop them, for they shall be questioned:

اور ذرا ان کو ٹھہراؤ کہ ابھی ان سے کچھ سوال کیا جائے گا۔

مَا لَكُمۡ لَا تَنَاصَرُوۡنَ

MAA LAKUM LAA TANAASAROON

What is the matter with you that you do not help each other?

اب تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ ایک دوسرے کی مدد کیوں نہیں کرتے ہو۔

بَلۡ هُمُ الۡيَوۡمَ مُسۡتَسۡلِمُوۡنَ

BAL HUMU AL-YAWMA MUSTASLIMOON

Nay! on that day they shall be submissive.

بلکہ آج تو سب کے سب سر جھکائے ہوئے ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

وَاَقۡبَلَ بَعۡضُهُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ يَّتَسَآءَلُوۡنَ

WA-AQBALA BA'DUHUM 'ALAA BA'DIN YATASAA'ALOON

And some of them shall advance towards others, questioning each other.

اور ایک دوسرے کی طرف رخ کر کے سوال کر رہے ہیں۔

قَالُوۡۤا اِنَّكُمۡ كُنۡتُمۡ تَاۡتُوۡنَنَا عَنِ الۡيَمِيۡنِ

QAALOO INNAKUM KUNTUM TA'TOONANAA 'ANI AL-YAMEEN

They shall say: Surely you used to come to us from the right side.

کہتے ہیں کہ تم ہی تو ہو جو ہماری داہنی طرف سے آیا کرتے تھے۔

قَالُوۡا بَل لَّمۡ تَكُوۡنُوۡا مُؤۡمِنِيۡنَ

QAALOO BAL LAM TAKOONOO MU'MINEEN

They shall say: Nay, you (yourselves) were not believers;

وہ کہیں گے کہ نہیں تم خود ہی ایمان لانے والے نہیں تھے۔

وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيۡكُم مِّنۡ سُلۡطٰنٍ بَلۡ كُنۡتُمۡ قَوۡمًا طٰغِيۡنَ

WAMAA KAANA LANAA 'ALAYKUM MIN SULTAANIN BAL KUNTUM QAWMAN TAAGHEEN

And we had no authority over you, but you were an inordinate people;

اور ہماری تمہارے اوپر کوئی حکومت نہیں تھی بلکہ تم خود ہی سرکش قوم تھے۔

فَحَقَّ عَلَيۡنَا قَوۡلُ رَبِّنَاۤ اِنَّا لَذَآئِقُوۡنَ

FAHAQQA 'ALAYNAA QAWLU RABBINAA INNAA LAZAA'IQOON

So the sentence of our Lord has come to pass against us: (now) we shall surely taste;

اب ہم سب پر خدا کا عذاب ثابت ہو گیا ہے اور سب کو اس کا مزہ چکھنا ہو گا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

فَاَغۡوَيۡنٰكُمۡ اِنَّا كُنَّا غٰوِيۡنَ

FA-AGHWAYNAAKUM INNAA KUNNAA GHAAWEEN

So we led you astray, for we ourselves were erring.

ہم نے تم کو گمراہ کیا کہ ہم خود ہی گمراہ تھے۔

فَاِنَّهُمۡ يَوۡمَئِذٍ فِي الۡعَذَابِ مُشۡتَرِكُوۡنَ

FA-INNAHUM YAWMA'IZIN FEE AL-'AZAABI MUSHTARIKOON

So they shall on that day be sharers in the chastisement one with another.

تو آج کے دن سب ہی عذاب میں برابر کے شریک ہوں گے۔

اِنَّا كَذٰلِكَ نَفۡعَلُ بِالۡمُجۡرِمِيۡنَ

INNAA KAZAALIKA NAF'ALU BIL-MUJRIMEEN

Surely thus do We deal with the guilty.

اور ہم اسی طرح مجرمین کے ساتھ برتاؤ کیا کرتے ہیں۔

اِنَّهُمۡ كَانُوۡۤا اِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ

INNAHUM KAANOO IZAA QEELA LAHUM LAA ILAAHA ILLAA ALLAAHU YASTAKBIROON

Surely they used to behave proudly when it was said to them: There is no god but Allah;

ان سے جب کہا جاتا تھا کہ اللہ کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے تو اکڑ جاتے تھے۔

وَيَقُوۡلُوۡنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوۡۤا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجۡنُوۡنٍ

WAYAQOOLOONA A'INNAA LATAARIKOO AALIHATINAA LISHAA'IRIN MAJNOON

And to say: What! shall we indeed give up our gods for the sake of a mad poet?

اور کہتے تھے کہ کیا ہم ایک مجنون شاعر کی خاطر اپنے خداؤں کو چھوڑ دیں گے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ

BAL JAA'A BIL-HAQQI WASADDAQA AL-MURSALEEN

Nay: he has come with the truth and verified the apostles.

حالانکہ وہ حق لے کر آیا تھا اور تمام رسولوں کی تصدیق کرنے والا تھا۔

اِنَّكُمْ لَذَآئِقُو الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ

INNAKUM LAZAA'IQOO AL-'AZAABI AL-ALEEM

Most surely you will taste the painful punishment.

بے شک تم سب دردناک عذاب کا مزہ چکھنے والے ہو۔

وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ

WAMAA TUJZAWNA ILLAA MAA KUNTUM TA'MALOON

And you shall not be rewarded except (for) what you did.

اور تمہیں تمہارے اعمال کے مطابق ہی بدلہ دیا جائے گا۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ

ILLAA 'IBAADA ALLAAHI AL-MUKHLASEEN

Save the servants of Allah, the purified ones.

علاوہ اللہ کے مخلص بندوں کے۔

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ

OOLAA'IKA LAHUM RIZQUN MA'LOOM

For them is a known sustenance

کہ ان کے لئے معین رزق ہے۔

Free to read, copy and share

فَوَاكِهُ وَهُم مُّكْرَمُوْنَ

FAWAAKIHU WAHUM MUKRAMOON

Fruits, and they shall be highly honored

میوے ہیں اور وہ باعزّت طریقہ سے رہیں گے۔

فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ

FEE JANNAATI AN-NA'EEM

In gardens of pleasure

نعمتوں سے بھری ہوئی جنّت میں۔

عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ

'ALAA SURURIN MUTAQAABILEEN

On thrones, facing each other.

آمنے سامنے تخت پر بیٹھے ہوئے۔

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّن مَّعِيْنٍ

YUTAAFU 'ALAYHIM BIKA'SIN MIN MA'EEN

A bowl shall be made to go round them from water running out of springs

ان کے گرد صاف شفاف شراب کا دور چل رہا ہو گا۔

بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ

BAYDAA'A LAZZATIN LILSHSHAARIBEEN

White, delicious to those who drink.

سفید رنگ کی شراب جس میں پینے والے کو لطف آئے۔

Free to read, copy and share

لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ

LAA FEEHAA GHAWLUN WALAA HUM 'ANHAA YUNZAFOON

There shall be no trouble in it, nor shall they be exhausted therewith.

اس میں نہ کوئی درد سر ہو اور نہ ہوش و حواس گم ہونے پائیں۔

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ

WA'INDAHUM QAASIRAATU AT-TARFI 'EEN

And with them shall be those who restrain the eyes, having beautiful eyes;

اور ان کے پاس محدود نظر رکھنے والی کشادہ چشم حوریں ہوں گی۔

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ

KA-ANNAHUNNA BAYDUN MAKNOON

As if they were eggs carefully protected.

جن کا رنگ و روغن ایسا ہو گا جیسے چھپائے ہوئے انڈے رکھے ہوئے ہوں۔

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ

FA-AQBALA BA'DUHUM 'ALAA BA'DIN YATASAA'ALOON

Then shall some of them advance to others, questioning each other.

پھر ایک دوسرے کی طرف رخ کر کے سوال کریں گے۔

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ

QAALA QAA'ILUN MINHUM INNEE KAANA LEE QAREEN

A speaker from among them shall say: Surely I had a comrade of mine

تو ان میں کا ایک کہے گا کہ دارِ دنیا میں ہمارا ایک ساتھی بھی تھا۔

Free to read, copy and share

يَقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ

YAQOOLU A'INNAKA LAMINA AL-MUSADDIQEEN

Who said: What! are you indeed of those who accept (the truth)?

وہ کہا کرتا تھا کہ کیا تم بھی قیامت کی تصدیق کرنے والوں میں ہو۔

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ

A'IZAA MITNAA WAKUNNAA TURAABAN WA'IZAAMAN A'INNAA LAMADEENOON

What! when we are dead and have become dust and bones, shall we then be certainly brought to judgment?

کیا جب مر کر مٹی اور ہڈی ہو جائیں گے تو ہمیں ہمارے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔

قَالَ هَلْ اَنْتُم مُّطَّلِعُوْنَ

QAALA HAL ANTUM MUTTALI'OON

He shall say: Will you look on?

کیا تم لوگ بھی اسے دیکھو گے۔

فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ

FATTALA'A FARA'AAHU FEE SAWAA'I AL-JAHEEM

Then he looked down and saw him in the midst of hell.

یہ کہہ کر نگاہ ڈالی تو اسے بیچ جہنّم میں دیکھا۔

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ

QAALA TALLAAHI IN KIDTTA LATURDEEN

He shall say: By Allah! you had almost caused me to perish;

کہا کہ خدا کی قسم قریب تھا کہ تو مجھے بھی ہلاک کر دیتا۔

Free to read, copy and share

وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ

WALAWLAA NI'MATU RABBEE LAKUNTU MINA AL-MUHDAREEN

And had it not been for the favor of my Lord, I would certainly have been among those brought up.

اور میرے پروردگار کا احسان نہ ہوتا تو میں بھی یہیں حاضر کر دیا جاتا۔

اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ

AFAMAA NAHNU BIMAYYITEEN

Is it then that we are not going to die

کیا یہ صحیح نہیں ہے کہ ہم اب مرنے والے نہیں ہیں۔

اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ

ILLAA MAWTATANAA AL-OOLAA WAMAA NAHNU BIMU'AZZABEEN

Except our previous death? And we shall not be chastised?

سوائے پہلی موت کے اور ہم پر عذاب ہونے والا بھی نہیں ہے۔

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

INNA HAAZAA LAHUWA AL-FAWZU AL-'AZEEM

Most surely this is the mighty achievement.

یقیناً یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ

LIMITHLI HAAZAA FAL-YA'MALI AL-'AAMILOON

For the like of this then let the workers work.

اسی دن کے لئے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیئے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَذٰلِكَ خَيۡرٌ نُّزُلًا اَمۡ شَجَرَةُ الزَّقُّوۡمِ

AZAALIKA KHAYRUN NUZULAN AM SHAJARATU AZ-ZAQQOOM

Is this better as an entertainment or the tree of Zaqqum?

ذرا بتاؤ کہ یہ نعمتیں مہمانی کے واسطے بہتر ہیں یا تھوہڑ کا درخت۔

اِنَّا جَعَلۡنٰهَا فِتۡنَةً لِّلظّٰلِمِيۡنَ

INNAA JA'ALNAAHAA FITNATAN LILZZAALIMEEN

Surely We have made it to be a trial to the unjust.

جسے ہم نے ظالمین کی آزمائش کے لئے قرار دیا ہے۔

اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخۡرُجُ فِىۡۤ اَصۡلِ الۡجَحِيۡمِ

INNAHAA SHAJARATUN TAKHRUJU FEE ASLI AL-JAHEEM

Surely it is a tree that grows in the bottom of the hell;

یہ ایک درخت ہے جو جہنّم کی تہہ سے نکلتا ہے۔

طَلۡعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوۡسُ الشَّيٰطِيۡنِ

TAL'UHAA KA-ANNAHOO RU'OOSU ASH-SHAYAATEEN

Its produce is as it were the heads of the serpents.

اس کے پھل ایسے بدنما ہیں جیسے شیطانوں کے سر۔

فَاِنَّهُمۡ لَاٰكِلُوۡنَ مِنۡهَا فَمَالِـُٔوۡنَ مِنۡهَا الۡبُطُوۡنَ

FA-INNAHUM LA-AAKILOONA MINHAA FAMAALI'OONA MINHAA AL-BUTOON

Then most surely they shall eat of it and fill (their) bellies with it.

مگر یہ جہنّمی اسی کو کھائیں گے اور اسی سے پیٹ بھریں گے۔

Free to read, copy and share

ثُمَّ اِنَّ لَهُمۡ عَلَيۡهَا لَشَوۡبًا مِّنۡ حَمِيۡمٍ

THUMMA INNA LAHUM 'ALAYHAA LASHAWBAN MIN HAMEEM

Then most surely they shall have after it to drink of a mixture prepared in boiling water.

پھر ان کے پینے کے لئے گرما گرم پانی ہو گا جس میں پیپ وغیرہ کی آمیزش ہو گی۔

ثُمَّ اِنَّ مَرۡجِعَهُمۡ لَاِلَى الۡجَحِيۡمِ

THUMMA INNA MARJI'AHUM LA-ILAA AL-JAHEEM

Then most surely their return shall be to hell.

پھر ان سب کا آخری انجام جہنّم ہو گا۔

اِنَّهُمۡ اَلۡفَوۡا اٰبَآءَهُمۡ ضَآلِّيۡنَ

INNAHUM AL-FAW AABAA'AHUM DAALLEEN

Surely they found their fathers going astray

انہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہ پایا تھا۔

فَهُمۡ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمۡ يُهۡرَعُوۡنَ

FAHUM 'ALAA AATHAARIHIM YUHRA'OON

So in their footsteps they are being hastened on.

تو ان ہی کے نقش قدم پر بھاگتے چلے گئے۔

وَلَقَدۡ ضَلَّ قَبۡلَهُمۡ اَكۡثَرُ الۡاَوَّلِيۡنَ

WALAQAD DALLA QABLAHUM AKTHARU AL-AWWALEEN

And certainly most of the ancients went astray before them

اور یقیناً ان سے پہلے بزرگوں کی ایک بڑی جماعت گمراہ ہو چکی ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا فِيۡهِم مُّنۡذِرِيۡنَ

WALAQAD ARSALNAA FEEHIM MUNZIREEN

And certainly We sent among them warners.

اور ہم نے ان کے درمیان ڈرانے والے پیغمبر بھیجے۔

فَانۡظُرۡ كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الۡمُنۡذَرِيۡنَ

FANZUR KAYFA KAANA 'AAQIBATU AL-MUNZAREEN

Then see how was the end of those warned

تو اب دیکھو کہ جنہیں ڈرایا جاتا ہے ان کے نہ ماننے کا انجام کیا ہوتا ہے۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الۡمُخۡلَصِيۡنَ

ILLAA 'IBAADA ALLAAHI AL-MUKHLASEEN

Except the servants of Allah, the purified ones.

علاوہ ان لوگوں کے جو اللہ کے مخلص بندے ہوتے ہیں۔

وَلَقَدۡ نَادٰنَا نُوۡحٌ فَلَنِعۡمَ الۡمُجِيۡبُوۡنَ

WALAQAD NAADAANAA NOOHUN FALANI'MA AL-MUJEEBOON

And Nuh did certainly call upon Us, and most excellent answerer of prayer are We.

اور یقیناً نوحؑ نے ہم کو آواز دی تو ہم بہترین قبول کرنے والے ہیں۔

وَنَجَّيۡنٰهُ وَاَهۡلَهٗ مِنَ الۡكَرۡبِ الۡعَظِيۡمِ

WANAJJAYNAAHU WA-AHLAHOO MINA AL-KARBI AL-'AZEEM

And We delivered him and his followers from the mighty distress.

اور ہم نے انہیں اور ان کے اہل کو بہت بڑے کرب سے نجات دے دی ہے۔

Free to read, copy and share

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ

WAJA'ALNAA ZURRIYYATAHOO HUMU AL-BAAQEEN

And We made his offspring the survivors.

اور ہم نے ان کی اولاد ہی کو باقی رہنے والوں میں قرار دیا۔

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ

WATARAKNAA 'ALAYHI FEE AL-AAKHIREEN

And We perpetuated to him (praise) among the later generations.

اور ان کے تذکرہ کو آنے والی نسلوں میں برقرار رکھا۔

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ

SALAAMUN 'ALAA NOOHIN FEE AL-'AALAMEEN

Peace and salutation to Nuh among the nations.

ساری خدائی میں نوحؑ پر ہمارا سلام۔

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ

INNAA KAZAALIKA NAJZEE AL-MUHSINEEN

Thus do We surely reward the doers of good.

ہم اسی طرح نیک عمل کرنے والوں کو جزا دیتے ہیں۔

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ

INNAHOO MIN 'IBAADINAA AL-MU'MINEEN

Surely he was of Our believing servants.

وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے۔

Free to read, copy and share

ثُمَّ اَغۡرَقۡنَا الۡاٰخَرِيۡنَ

THUMMA AGHRAQNAA AL-AAKHAREEN

Then We drowned the others.

پھر ہم نے باقی سب کو غرق کر دیا۔

وَاِنَّ مِنۡ شِيۡعَتِهٖ لَاِبۡرٰهِيۡمَ

WA-INNA MIN SHEE'ATIHEE LA-IBRAAHEEM

And most surely Ibrahim followed his way.

اور یقیناً نوحؑ ہی کے پیروکاروں میں سے ابراہیمؑ بھی تھے۔

اِذۡ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلۡبٍ سَلِيۡمٍ

IZ JAA'A RABBAHOO BIQALBIN SALEEM

When he came to his Lord with a free heart

جب اللہ کی بارگاہ میں قلبِ سلیم کے ساتھ حاضر ہوئے۔

اِذۡ قَالَ لِاَبِيۡهِ وَقَوۡمِهٖ مَاذَا تَعۡبُدُوۡنَ

IZ QAALA LI-ABEEHI WAQAWMIHEE MAAZAA TA'BUDOON

When he said to his father and his people: What is it that you worship?

جب اپنے مربّی باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ تم لوگ کس کی عبادت کر رہے ہو۔

اَئِفۡكًا اٰلِهَةً دُوۡنَ اللّٰهِ تُرِيۡدُوۡنَ

A'IFKAN AALIHATAN DOONA ALLAAHI TUREEDOON

A lie- gods besides Allah- do you desire?

کیا خدا کو چھوڑ کر ان خود ساختہ خداؤں کے طلب گار بن گئے ہو۔

Free to read, copy and share

فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

FAMAA ZANNUKUM BIRABBI AL-'AALAMEEN

What is then your idea about the Lord of the worlds?

تو پھر رب العالمین کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے۔

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ

FANAZARA NAZRATAN FEE AN-NUJOOM

Then he looked at the stars, looking up once

پھر ابراہیمؑ نے ستاروں میں دقت نظر سے کام لیا۔

فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ

FAQAALA INNEE SAQEEM

Then he said: Surely I am sick (of your worshipping these).

اور کہا کہ میں بیمار ہوں۔

فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ

FATAWALLAW 'ANHU MUDBIREEN

So they went away from him, turning back.

تو وہ لوگ منہ پھیر کر چلے گئے۔

فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ

FARAAGHA ILAA AALIHATIHIM FAQAALA ALAA TA'KULOON

Then he turned aside to their gods secretly and said: What! do you not eat?

اور ابراہیمؑ نے ان کے خداؤں کی طرف رخ کر کے کہا کہ تم لوگ کچھ کھاتے کیوں نہیں ہو۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ

MAA LAKUM LAA TANTIQOON

What is the matter with you that you do not speak?

تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ بولتے بھی نہیں ہو۔

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ

FARAAGHA 'ALAYHIM DARBAN BIL-YAMEEN

Then he turned against them secretly, smiting them with the right hand.

پھر ان کی مرمت کی طرف متوجہ ہو گئے۔

فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ

FA-AQBALOO ILAYHI YAZIFFOON

So they (people) advanced towards him, hastening.

تو وہ لوگ دوڑتے ہوئے ابراہیمؑ کے پاس آئے۔

قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ

QAALA ATA'BUDOONA MAA TANHITOON

Said he: What! do you worship what you hew out?

تو ابراہیمؑ نے کہا کہ کیا تم لوگ اپنے ہاتھوں کے تراشیدہ بتوں کی پرستش کرتے ہو۔

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ

WALLAAHU KHALAQAKUM WAMAA TA'MALOON

And Allah has created you and what you make.

جب کہ خدا نے تمہیں اور ان کو سبھی کو پیدا کیا ہے۔

Free to read, copy and share

قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ

QAALOO IBNOO LAHOO BUNYAANAN FAL-QOOHU FEE AL-JAHEEM

They said: Build for him a furnace, then cast him into the burning fire.

ان لوگوں نے کہا کہ ایک عمارت بنا کر آگ جلا کر انہیں آگ میں ڈال دو۔

فَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ

FA-ARAADOO BIHEE KAYDAN FAJA'ALNAAHUMU AL-ASFALEEN

And they desired a war against him, but We brought them low.

ان لوگوں نے ایک چال چلنا چاہی لیکن ہم نے انہیں پست اور ذلیل کر دیا۔

وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهْدِينِ

WAQAALA INNEE ZAAHIBUN ILAA RABBEE SAYAHDEEN

And he said: Surely I fly to my lord; He will guide me.

اور ابراہیمؑ نے کہا کہ میں اپنے پروردگار کی طرف جا رہا ہوں کہ وہ میری ہدایت کر دے گا۔

رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصَّالِحِينَ

RABBI HAB LEE MINA AS-SAALIHEEN

My Lord! grant me of the doers of good deeds.

پروردگار مجھے ایک صالح فرزند عطا فرما۔

فَبَشَّرْنَاهُ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ

FABASHSHARNAAHU BIGHULAAMIN HALEEM

So We gave him the good news of a boy, possessing forbearance.

پھر ہم نے انہیں ایک نیک دل فرزند کی بشارت دی۔

Free to read, copy and share

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ

FALAMMAA BALAGHA MA'AHU AS-SA'YA QAALA YAA BUNAYYA INNEE ARAA FEE AL-MANAAMI ANNEE AZBAHUKA FANZUR MAAZAA TARAA QAALA YAA ABATI IF'AL MAA TU'MARU SATAJIDUNEE IN SHAA'A ALLAAHU MINA AS-SAABIREEN

And when he attained to working with him, he said: O my son! surely I have seen in a dream that I should sacrifice you; consider then what you see. He said: O my father! do what you are commanded; if Allah please, you will find me of the patient ones.

پھر جب وہ فرزند ان کے ساتھ دوڑ دھوپ کرنے کے قابل ہو گیا تو انہوں نے کہا کہ بیٹا میں خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ میں تمہیں ذبح کر رہا ہوں اب تم بتاؤ کہ تمہارا کیا خیال ہے فرزند نے جواب دیا کہ بابا جو آپ کو حکم دیا جا رہا ہے اس پر عمل کریں انشاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔

فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ

FALAMMAA ASLAMAA WATALLAHOO LIL-JABEEN

So when they both submitted and he threw him down upon his forehead

پھر جب دونوں نے سر تسلیم خم کر دیا اور باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل لٹا دیا۔

وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ

WANAADAYNAAHU AN YAA IBRAAHEEM

And We called out to him saying: O Ibrahim!

اور ہم نے آواز دی کہ اے ابراہیمؑ۔

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَآ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ

QAD SADDAQTA AR-RU'YAA INNAA KAZAALIKA NAJZEE AL-MUHSINEEN

You have indeed shown the truth of the vision; surely thus do We reward the doers of good:

تم نے اپنا خواب سچ کر دکھایا ہم اسی طرح حسن عمل والوں کو جزا دیتے ہیں۔

Free to read, copy and share

إِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُ الْمُبِيْنُ

INNA HAAZAA LAHUWA AL-BALAA'U AL-MUBEEN

Most surely this is a manifest trial.

بے شک یہ بڑا کھلا ہوا امتحان ہے۔

وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ

WAFADAYNAAHU BIZIBHIN 'AZEEM

And We ransomed him with a great sacrifice.

اور ہم نے اس کا بدلہ ایک عظیم قربانی کو قرار دے دیا ہے۔

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ

WATARAKNAA 'ALAYHI FEE AL-AAKHIREEN

And We perpetuated (praise) to him among the later generations.

اور اس کا تذکرہ آخری دور تک باقی رکھا ہے۔

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ

SALAAMUN 'ALAA IBRAAHEEM

Peace be on Ibrahim.

سلام ہو ابراہیمؑ پر۔

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ

KAZAALIKA NAJZEE AL-MUHSINEEN

Thus do We reward the doers of good.

ہم اسی طرح حسن عمل والوں کو جزا دیا کرتے ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اِنَّهٗ مِنۡ عِبَادِنَا الۡمُؤۡمِنِيۡنَ

INNAHOO MIN 'IBAADINAA AL-MU'MINEEN

Surely he was one of Our believing servants.

بے شک ابراہیمؑ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

وَبَشَّرۡنٰهُ بِاِسۡحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيۡنَ

WABASHSHARNAAHU BI-ISHAAQA NABIYYAN MINA AS-SAALIHEEN

And We gave him the good news of Ishaq, a prophet among the good ones.

اور ہم نے انہیں اسحاقؑ کی بشارت دی جو نبی اور نیک بندوں میں سے تھے۔

وَبٰرَكۡنَا عَلَيۡهِ وَعَلٰٓى اِسۡحٰقَ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحۡسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفۡسِهٖ مُبِيۡنٌ

WABAARAKNAA 'ALAYHI WA'ALAA ISHAAQA WAMIN ZURRIYYATIHIMAA MUHSINUN WAZAALIMUN LINAFSIHEE MUBEEN

And We showered Our blessings on him and on Ishaq; and of their offspring are the doers of good, and (also) those who are clearly unjust to their own souls.

اور ہم نے ان پر اور اسحاقؑ پر برکت نازل کی اور ان کی اولاد میں بعض نیک کردار اور بعض کھلم کھلا اپنے نفس پر ظلم کرنے والے ہیں۔

وَلَقَدۡ مَنَنَّا عَلٰى مُوۡسٰى وَهٰرُوۡنَ

WALAQAD MANANNAA 'ALAA MOOSAA WAHAAROON

And certainly We conferred a favor on Musa and Haroun.

اور ہم نے موسیٰؑ اور ہارونؑ پر بھی احسان کیا ہے۔

وَنَجَّيۡنٰهُمَا وَقَوۡمَهُمَا مِنَ الۡكَرۡبِ الۡعَظِيۡمِ

WANAJJAYNAAHUMAA WAQAWMAHUMAA MINA AL-KARBI AL-'AZEEM

And We delivered them both and their people from the mighty distress.

اور انہیں اور ان کی قوم کو عظیم کرب سے نجات دلائی ہے۔

Free to read, copy and share

وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ

WANASARNAAHUM FAKAANOO HUMU AL-GHAALIBEEN

And We helped them, so they were the vanquishers.

اور ان کی مدد کی ہے تو وہ غلبہ حاصل کرنے والوں میں ہو گئے ہیں۔

وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ

WA-AATAYNAAHUMAA AL-KITAABA AL-MUSTABEEN

And We gave them both the Book that made (things) clear.

اور ہم نے انہیں واضح مطالب والی کتاب عطا کی ہے۔

وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ

WAHADAYNAAHUMAA AS-SIRAATA AL-MUSTAQEEM

And We guided them both on the right way.

اور دونوں کو سیدھے راستہ کی ہدایت بھی دی ہے۔

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ

WATARAKNAA 'ALAYHIMAA FEE AL-AAKHIREEN

And We perpetuated (praise) to them among the later generations.

اور ان کا تذکرہ بھی اگلی نسلوں میں باقی رکھا ہے۔

سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ

SALAAMUN 'ALAA MOOSAA WAHAAROON

Peace be on Musa and Haroun.

سلام ہو موسیٰؑ اور ہارونؑ پر۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ

INNAA KAZAALIKA NAJZEE AL-MUHSINEEN

Even thus do We reward the doers of good.

ہم اسی طرح نیک عمل کرنے والوں کو بدلہ دیا کرتے ہیں۔

اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ

INNAHUMAA MIN 'IBAADINAA AL-MU'MINEEN

Surely they were both of Our believing servants.

بے شک وہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ

WA-INNA ILYAASA LAMINA AL-MURSALEEN

And Ilyas was most surely of the apostles.

اور یقیناً الیاسؑ بھی مرسلین میں سے تھے۔

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ

IZ QAALA LIQAWMIHEE ALAA TATTAQOON

When he said to his people: Do you not guard (against evil)?

جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم لوگ خدا سے کیوں نہیں ڈرتے ہو۔

اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ

ATAD'OONA BA'LAN WATAZAROONA AHSANA AL-KHAALIQEEN

What! do you call upon Ba’l and forsake the best of the creators

کیا تم لوگ بعل کو آواز دیتے ہو اور بہترین خلق کرنے والے کو چھوڑ دیتے ہو۔

Free to read, copy and share

اَللّٰهَ رَبَّكُمۡ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الۡاَوَّلِيۡنَ

ALLAAHA RABBAKUM WARABBA AABAA'IKUMU AL-AWWALEEN

Allah, your Lord and the Lord of your fathers of yore?

جب کہ وہ اللہ تمہارے اور تمہارے باپ دادا کا پالنے والا ہے۔

فَكَذَّبُوۡهُ فَاِنَّهُمۡ لَمُحۡضَرُوۡنَ

FAKAZZABOOHU FA-INNAHUM LAMUHDAROON

But they called him a liar, therefore they shall most surely be brought up.

پھر ان لوگوں نے رسول کی تکذیب کی تو سب کے سب جہنّم میں گرفتار کئے جائیں گے۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الۡمُخۡلَصِيۡنَ

ILLAA 'IBAADA ALLAAHI AL-MUKHLASEEN

But not the servants of Allah, the purified ones.

علاوہ اللہ کے مخلص بندوں کے۔

وَتَرَكۡنَا عَلَيۡهِ فِى الۡاٰخِرِيۡنَ

WATARAKNAA 'ALAYHI FEE AL-AAKHIREEN

And We perpetuated to him (praise) among the later generations.

اور ہم نے ان کا تذکرہ بھی بعد کی نسلوں میں باقی رکھ دیا ہے۔

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلۡ يَاسِيۡنَ

SALAAMUN 'ALAA IL YAASEEN

Peace be on Ilyas.

سلام ہو آل یاسینؑ پر۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ

INNAA KAZAALIKA NAJZEE AL-MUHSINEEN

Even thus do We reward the doers of good.

ہم اسی طرح حُسن عمل والوں کو جزا دیا کرتے ہیں

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ

INNAHOO MIN 'IBAADINAA AL-MU'MINEEN

Surely he was one of Our believing servants.

بے شک وہ ہمارے باایمان بندوں میں سے تھے۔

وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ

WA-INNA LOOTAN LAMINA AL-MURSALEEN

And Lut was most surely of the apostles.

اور لوطؑ بھی یقیناً مرسلین میں تھے۔

اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ

IZ NAJJAYNAAHU WA-AHLAHOO AJMA'EEN

When We delivered him and his followers, all-

تو ہم نے انہیں اور ان کے تمام گھر والوں کو نجات دے دی۔

اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ

ILLAA 'AJOOZAN FEE AL-GHAABIREEN

Except an old woman (who was) amongst those who tarried.

علاوہ ان کی زوجہ کے کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں شامل ہو گئی تھی۔

Free to read, copy and share

ثُمَّ دَمَّرۡنَا الۡاٰخَرِيۡنَ

THUMMA DAMMARNAA AL-AAKHAREEN

Then We destroyed the others.

پھر ہم نے سب کو تباہ و برباد بھی کر دیا۔

وَاِنَّكُمۡ لَتَمُرُّوۡنَ عَلَيۡهِم مُّصۡبِحِيۡنَ

WA-INNAKUM LATAMURROONA 'ALAYHIM MUSBIHEEN

And most surely you pass by them in the morning

تم ان کی طرف سے برابر صبح کو گزرتے رہتے ہو۔

وَبِالَّيۡلِ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ

WABILLAYLI AFALAA TA'QILOON

And at night; do you not then understand?

اور رات کے وقت بھی تو کیا تمہیں عقل نہیں آرہی ہے۔

وَاِنَّ يُوۡنُسَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ

WA-INNA YOONUSA LAMINA AL-MURSALEEN

And Yunus was most surely of the apostles.

اور بے شک یونسؑ بھی مرسلین میں سے تھے۔

اِذۡ اَبَقَ اِلَى الۡفُلۡكِ الۡمَشۡحُوۡنِ

IZ ABAQA ILAA AL-FULKI AL-MASHHOON

When he ran away to a ship completely laden

جب وہ بھاگ کر ایک بھری ہوئی کشتی کی طرف گئے۔

Free to read, copy and share

فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ

FASAAHAMA FAKAANA MINA AL-MUDHADEEN

So he shared (with them), but was of those who are cast off.

اور اہل کشتی نے قرعہ نکالا تو انہیں شرمندگی کا سامنا کرنا پڑا۔

فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ

FALTAQAMAHU AL-HOOTU WAHUWA MULEEM

So the fish swallowed him while he did that for which he blamed himself.

پھر انہیں مچھلی نے نگل لیا جب کہ وہ خود اپنے نفس کی ملامت کر رہے تھے۔

فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ

FALAWLAA ANNAHOO KAANA MINA AL-MUSABBIHEEN

But had it not been that he was of those who glorify (Us)

پھر اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتے۔

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ

LALABITHA FEE BATNIHEE ILAA YAWMI YUB'ATHOON

He would certainly have tarried in its belly to the day when they are raised.

تو روزِ قیامت تک اسی کے شکم میں رہ جاتے۔

فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ

FANABAZNAAHU BIL-'ARAA'I WAHUWA SAQEEM

Then We cast him on to the vacant surface of the earth while he was sick.

پھر ہم نے ان کو ایک میدان میں ڈال دیا جب کہ وہ مریض بھی ہو گئے تھے۔

Free to read, copy and share

وَاَنۡۢبَتۡنَا عَلَيۡهِ شَجَرَةً مِّنۡ يَّقۡطِيۡنٍ

WA-ANBATNAA 'ALAYHI SHAJARATAN MIN YAQTEEN

And We caused to grow up for him a gourd plant.

اور ان پر ایک کدو کا درخت اُگا دیا۔

وَاَرۡسَلۡنٰهُ اِلٰى مِاۡئَةِ اَلۡفٍ اَوۡ يَزِيۡدُوۡنَ

WA-ARSALNAAHU ILAA MI'ATI ALFIN AW YAZEEDOON

And We sent him to a hundred thousand, rather they exceeded.

اور انہیں ایک لاکھ یا اس سے زیادہ کی قوم کی طرف نمائندہ بنا کر بھیجا۔

فَاٰمَنُوۡا فَمَتَّعۡنٰهُمۡ اِلٰى حِيۡنٍ

FA-AAMANOO FAMATTA'NAAHUM ILAA HEEN

And they believed, so We gave them provision till a time.

تو وہ لوگ ایمان لے آئے اور ہم نے بھی ایک مدّت تک انہیں آرام بھی دیا۔

فَاسۡتَفۡتِهِمۡ اَلِرَبِّكَ الۡبَنَاتُ وَلَهُمُ الۡبَنُوۡنَ

FASTAFTIHIM ALIRABBIKA AL-BANAATU WALAHUMU AL-BANOON

Then ask them whether your Lord has daughters and they have sons.

پھر اے پیغمبر ان کفار سے پوچھئے کہ کیا تمہارے پروردگار کے پاس لڑکیاں ہیں اور تمہارے پاس لڑکے ہیں۔

اَمۡ خَلَقۡنَا الۡمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمۡ شٰهِدُوۡنَ

AM KHALAQNAA AL-MALAA'IKATA INAATHAN WAHUM SHAAHIDOON

Or did We create the angels females while they were witnesses?

یا ہم نے ملائکہ کو لڑکیوں کی شکل میں پیدا کیا ہے اور یہ اس کے گواہ ہیں۔

Free to read, copy and share

اَلَاۤ اِنَّهُم مِّنۡ اِفۡكِهِمۡ لَيَقُوۡلُوۡنَ

ALAA INNAHUM MIN IFKIHIM LAYAQOOLOON

Now surely it is of their own lie that they say:

آگاہ ہو جاؤ کہ یہ لوگ اپنی من گھڑت کے طور پر یہ باتیں بناتے ہیں۔

وَلَدَ اللّٰهُ وَاِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ

WALADA ALLAAHU WA-INNAHUM LAKAAZIBOON

Allah has begotten; and most surely they are liars.

کہ اللہ کے یہاں فرزند پیدا ہوا ہے اور یہ لوگ بالکل جھوٹے ہیں۔

اَصۡطَفَى الۡبَنَاتِ عَلَى الۡبَنِيۡنَ

ASTAFAA AL-BANAATI 'ALAA AL-BANEEN

Has He chosen daughters in preference to sons?

کیا اس نے اپنے لئے بیٹوں کے بجائے بیٹیوں کا انتخاب کیا ہے۔

مَا لَكُمۡ كَيۡفَ تَحۡكُمُوۡنَ

MAA LAKUM KAYFA TAHKUMOON

What is the matter with you, how is it that you judge?

آخر تمہیں کیا ہو گیا ہے تم کیسا فیصلہ کر رہے ہو۔

اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ

AFALAA TAZAKKAROON

Will you not then mind?

کیا تم غور و فکر نہیں کر رہے ہو۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَمۡ لَكُمۡ سُلۡطٰنٌ مُّبِيۡنٌ

AM LAKUM SULTAANUN MUBEEN

Or have you a clear authority?

یا تمہارے پاس اس کی کوئی واضح دلیل ہے۔

فَاۡتُوۡا بِكِتٰبِكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ

FA'TOO BIKITAABIKUM IN KUNTUM SAADIQEEN

Then bring your book, if you are truthful.

تو اپنی کتاب کو لے آؤ اگر تم اپنے دعویٰ میں سچے ہو۔

وَجَعَلُوۡا بَيۡنَهٗ وَبَيۡنَ الۡجِنَّةِ نَسَبًا وَلَقَدۡ عَلِمَتِ الۡجِنَّةُ اِنَّهُمۡ لَمُحۡضَرُوۡنَ

WAJA'ALOO BAYNAHOO WABAYNA AL-JINNATI NASABAN WALAQAD 'ALIMATI AL-JINNATU INNAHUM LAMUHDAROON

And they assert a relationship between Him and the jinn; and certainly the jinn do know that they shall surely be brought up;

اور انہوں نے خدا اور جنّات کے درمیان بھی رشتہ قرار دے دیا حالانکہ جنّات کو معلوم ہے کہ انہیں بھی خدا کی بارگاہ میں حاضر کیا جائے گا۔

سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ

SUBHAANA ALLAAHI 'AMMAA YASIFOON

Glory be to Allah (for freedom) from what they describe;

خدا ان سب کے بیانات سے بلند و برتر اور پاک و پاکیزہ ہے۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الۡمُخۡلَصِيۡنَ

ILLAA 'IBAADA ALLAAHI AL-MUKHLASEEN

But not so the servants of Allah, the purified ones.

علاوہ خدا کے نیک اور مخلص بندوں کے۔

Free to read, copy and share

فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ

FA-INNAKUM WAMAA TA'BUDOON

So surely you and what you worship

پھر تم اور جس کی تم پرستش کر رہے ہو۔

مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ

MAA ANTUM 'ALAYHI BIFAATINEEN

Not against Him can you cause (any) to fall into trial

سب مل کر بھی اس کے خلاف کسی کو بہکا نہیں سکتے ہو۔

اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ

ILLAA MAN HUWA SAALI AL-JAHEEM

Save him who will go to hell.

علاوہ اس کے جس کو جہنّم میں جانا ہی ہے۔

وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ

WAMAA MINNAA ILLAA LAHOO MAQAAMUN MA'LOOM

And there is none of us but has an assigned place

اور ہم میں سے ہر ایک کے لئے ایک مقام معیّن ہے۔

وَاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ

WA-INNAA LANAHNU AS-SAAFFOON

And most surely we are they who draw themselves out in ranks

اور ہم اس کی بارگاہ میں صف بستہ کھڑے ہونے والے ہیں۔

Free to read, copy and share

وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ

WA-INNAA LANAHNU AL-MUSABBIHOON

And we are most surely they who declare the glory (of Allah).

اور ہم اس کی تسبیح کرنے والے ہیں۔

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ

WA-IN KAANOO LAYAQOOLOON

And surely they used to say:

اگرچہ یہ لوگ یہی کہا کرتے تھے۔

لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ

LAW ANNA 'INDANAA ZIKRAN MINA AL-AWWALEEN

Had we a reminder from those of yore

کہ اگر ہمارے پاس بھی پہلے والوں کا تذکرہ ہوتا۔

لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ

LAKUNNAA 'IBAADA ALLAAHI AL-MUKHLASEEN

We would certainly have been the servants of Allah- the purified ones.

تو ہم بھی اللہ کے نیک اور مخلص بندے ہوتے۔

فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ

FAKAFAROO BIHEE FASAWFA YA'LAMOON

But (now) they disbelieve in it, so they will come to know.

تو پھر ان لوگوں نے کفر اختیار کر لیا تو عنقریب انہیں اس کا انجام معلوم ہو جائے گا۔

Free to read, copy and share

وَلَقَدۡ سَبَقَتۡ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الۡمُرۡسَلِيۡنَ

WALAQAD SABAQAT KALIMATUNAA LI'IBAADINAA AL-MURSALEEN

And certainly Our word has already gone forth in respect of Our servants, the apostles:

اور ہمارے پیغامبر بندوں سے ہماری بات پہلے ہی طے ہو چکی ہے۔

اِنَّهُمۡ لَهُمُ الۡمَنۡصُوۡرُوۡنَ

INNAHUM LAHUMU AL-MANSOOROON

Most surely they shall be the assisted ones

کہ ان کی مدد بہر حال کی جائے گی۔

وَاِنَّ جُنۡدَنَا لَهُمُ الۡغٰلِبُوۡنَ

WA-INNA JUNDANAA LAHUMU AL-GHAALIBOON

And most surely Our host alone shall be the victorious ones.

اور ہمارا لشکر بہر حال غالب آنے والا ہے۔

فَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ حَتّٰى حِيۡنٍ

FATAWALLA 'ANHUM HATTAA HEEN

Therefore turn away from them till a time

لہذا آپ تھوڑے دنوں کے لئے ان سے منہ پھیر لیں۔

وَاَبۡصِرۡهُمۡ فَسَوۡفَ يُبۡصِرُوۡنَ

WA-ABSIRHUM FASAWFA YUBSIROON

And (then) see them, so they too shall see.

اور ان کو دیکھتے رہیں عنقریب یہ خود اپنے انجام کو دیکھ لیں گے۔

Free to read, copy and share

اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ

AFABI'AZAABINAA YASTA'JILOON

What! would they then hasten on Our chastisement?

کیا یہ ہمارے عذاب کے بارے میں جلدی کر رہے ہیں۔

فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ

FA-IZAA NAZALA BISAAHATIHIM FASAA'A SABAAHU AL-MUNZAREEN

But when it shall descend in their court, evil shall then be the morning of the warned ones.

تو جب وہ عذاب ان کے آنگن میں نازل ہو جائے گا تو وہ ڈرائی جانے والی قوم کی بدترین صبح ہو گی۔

وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ

WATAWALLA 'ANHUM HATTAA HEEN

And turn away from them till a time

اور آپ تھوڑے دنوں ان سے منہ پھیر لیں۔

وَاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ

WA-ABSIR FASAWFA YUBSIROON

And (then) see, for they too shall see.

اور دیکھتے رہیں عنقریب یہ خود دیکھ لیں گے۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

SUBHAANA RABBIKA RABBI AL-'IZZATI 'AMMAA YASIFOON

Glory be to your Lord, the Lord of Honor, above what they describe.

آپ کا پروردگار جو مالکِ عزّت بھی ہے ان کے بیانات سے پاک و پاکیزہ ہے۔

Free to read, copy and share

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ

WASALAAMUN 'ALAA AL-MURSALEEN

And peace be on the apostles.

اور ہمارا سلام تمام مرسلین پر ہے۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

WAL-HAMDU LILLAAHI RABBI AL-'AALAMEEN

And all praise is due to Allah, the Lord of the worlds.

اور ساری تعریف اس اللہ کے لئے ہے جو عالمین کا پروردگار ہے۔

صَدَقَ اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ۔

SADAQA ALLAAHU AL-'ALIYYU AL-'AZEEM.

Almighty God the most high speaks the truth.

اللہ بزرگ و برتر نے سچ فرمایا ہے۔

> Surah Saad (https://fzic.org/library/quran/38-saad-88-1111)
>
> سورۂ ص (https://fzic.org/library/quran/38-saad-88-1111)

Printed from https://fzic.org/library/quran/37-saaffaat-182-1110 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.